Roll No. |   |   |   |   |   |   |      Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ___________      Sig. of Invigilator.____________

# اُردو اختیاری    ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 25 منٹ      حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

(i) ''چند ہم عصر'' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ فرحت اللہ بیگ    ب۔ رشید احمد صدیقی

ج۔ قاضی محمد سلیمان سلمان    د۔ مولوی عبدالحق

(ii) ''الفاظ کی کہانی'' کا تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟

الف۔ مضمون    ب۔ تحقیق

ج۔ افسانہ    د۔ خاکہ

(iii) ''جھینگر کا جنازہ'' کا مصنف کون ہے؟

الف۔ سرسید احمد خان    ب۔ نیاز فتح پوری

ج۔ مشتاق یوسفی    د۔ حسن نظامی

(iv) ''جمالستان''،''نگارستان'' کس مصنف کی کتب ہیں؟

الف۔ مہدی آفادی    ب۔ نیاز فتح پوری

ج۔ محمد حسین آزاد    د۔ الطاف حسین حالی

(v) انشائیے کی پہچان اور مقبولیت کے لیے کس نے بہت کام کیا؟

الف۔ سرسید احمد خان    ب۔ سجاد حیدر یلدرم

ج۔ پطرس بخاری    د۔ ڈاکٹر وزیر آغا

(vi) ''مولانا حالی'' کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

الف۔ چند ہم عصر    ب۔ مضامینِ فرحت

ج۔ گنج ہائے گراں مایہ    د۔ ہم نفسانِ رفتہ

(vii) فکر تونسوی نے 1943ء میں ترقی پسند ادبی تحریک کے نمائندہ ترجمان ___________ سے وابستگی اختیار کی۔

الف۔ ادبِ لطیف    ب۔ ہمایوں

ج۔ ادبی دنیا    د۔ سویرا

(viii) ''چراغ تلے''،''خاکم بدہن''،''زرگزشت'' کا خالق کون ہے؟

الف۔ مختار مسعود    ب۔ ڈاکٹر سید عبداللہ

ج۔ ڈاکٹر وزیر آغا    د۔ مشتاق یوسفی

(ix) ''بہارستان''،''نگارستان''،''چمنستان'' کس نوعیت کی کتب ہیں؟

الف۔ شعری    ب۔ تنقیدی

ج۔ نثری    د۔ تاریخی

(x) مصنف کے نزدیک دمِ نزع حلق میں پانی چوانے کی بجائے کس چیز کے قطرے ٹپکا دیے جائیں تو دم آسانی سے نکلے گا؟

الف۔ چائے    ب۔ کالا

ج۔ شربت    د۔ کافی

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) مولانا ظفر علی خان ایک نڈر اور بے باک صحافی ہونے کے علاوہ ایک بدیہہ گو ________ بھی تھے۔

الف۔ شاعر — ب۔ افسانہ نگار

ج۔ خاکہ نویس — د۔ مزاح نگار

(xii) سجاد حیدر یلدرم، شیخ عبدالقادر، فرحت اللہ بیگ کا تعلق کس صنفِ نثر سے تھا؟

الف۔ مضمون — ب۔ تاریخ

ج۔ سوانح — د۔ مکتوب

(xiii) ''بریدِ فرنگ''، ''مکتوبات سبحانی'' کس کے مجموعۂ مکاتیب ہیں؟

الف۔ علامہ اقبال — ب۔ سید سلیمان ندوی

ج۔ اکبر الہ آبادی — د۔ شبلی نعمانی

(xiv) رحمان بابا کس زبان کے صاحبِ طرز شاعر تھے؟

الف۔ پنجابی — ب۔ پشتو

ج۔ سندھی — د۔ بلوچی

(xv) کس شاعر کے تراجم پر طبع زاد تخلیق کا گمان ہوتا ہے؟

الف۔ رضا ہمدانی — ب۔ انعام الحق جاوید

ج۔ یونس جاوید — د۔ سید ضمیر جعفری

(xvi) ________ کو پہلی مثنوی قرار دیا جاتا ہے۔

الف۔ سحر البیان — ب۔ مناجات بیوہ

ج۔ پدم راؤ قدم راؤ — د۔ گلزار نسیم

(xvii) مثنوی ''سحر البیان'' کس کی تخلیق ہے؟

الف۔ مرزا شوق — ب۔ دیا نسیم شنکر

ج۔ میر تقی میر — د۔ میر حسن

(xviii) مثنوی ''شاہنامہ اسلام'' کا موضوع کیا ہے؟

الف۔ اسلامی فلسفہ — ب۔ اسلامی تاریخ

ج۔ اسلامی عقائد و نظریات — د۔ اسلامی تشخص

(xix) مولوی عبدالحق نے کس غزل گو کو ''سرتاج شعرائے اردو'' قرار دیا ہے؟

الف۔ میر تقی میر — ب۔ مرزا غالب

ج۔ حسرت موہانی — د۔ خواجہ میر درد

(xx) آتش ________ کے نمائندہ شاعر ہیں۔

الف۔ دبستانِ دہلی — ب۔ دبستانِ لکھنؤ

ج۔ دبستانِ بنارس — د۔ دبستانِ لاہور

---

برائے ممتحن: — کُل نمبر : 20 — حاصل کردہ نمبر: ____

89

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اورسوم: 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (10x3=30)

(i) نبی کریم ﷺ نے اپنی امت کے لیے کیا دعائیں فرمائیں؟

(ii) شاعری کی ماہیت کے بارے میں آزاد نے کس خیال کا اظہار کیا ہے؟

(iii) سقراط کا کردار زندگی کے کس پہلو کی عکاسی کرتا ہے؟

(iv) حالی کے کردار کی چیدہ چیدہ خصوصیات لکھیں۔

(یا)

مرزا فرحت اللہ بیگ کے اندازِ نگارش پر نوٹ لکھیں۔

(v) علامہ اقبال نے کس کس زبان میں خطوط لکھے؟

(vi) رحمان بابا نے اپنی نظم میں عیب جوئی کی مذمت کن الفاظ میں کی ہے؟

(vii) استعارہ کی تعریف لکھیں اور مثال سے وضاحت کریں۔

(یا)

مندرجہ ذیل تراکیب کی وضاحت کریں۔

چشمِ اشک بار ، گلزارِ معرفت ، مزاجِ دہر

(viii) ذوق کی شاعری کی نمایاں خصوصیات مختصراً لکھیں۔

(ix) سوانح نگاری اور سیرت نگاری میں فرق کی وضاحت کریں۔

(x) مہدی آفادی کے اسلوبِ تحریر پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(یا)

ولی دکنی کی شاعری پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے۔ اور ہمیشہ سے چلی آ رہی ہے۔ جہاں تک مجھے ان سے گفتگو کرنے کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور ان کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا، مولانا اس عیب سے بری معلوم ہوتے ہیں۔ محمد حسین آزاد، مولانا شبلی نعمانی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابلِ تعریف تھیں ان کی دل کھول کر داد دی ہے مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔

ب۔ ایک مقام پر اس نے بہت ہی چبھتی ہوئی بات لکھی ہے: کہتا ہے کہ "میں نہیں سمجھتا کیونکر لوگ عقل کی مخالفت کو جائز رکھتے ہیں، کسی بات کی صحت پر ان کو یقین کامل ہوتا ہے، تاہم وہ اس پر کاربند نہیں ہوتے، شاید کوئی خارجی اثر وجۂ مزاحمت ہو، مگر میں سمجھتا ہوں، ان کے ارادے ہی کا یہ نقص ہے۔ مجھے آج تک کوئی بات ایسی نہ ملی جس کی سچائی کا یقین ہو، اور نہ کر گزرا ہوں۔ لوگ کچھ ہی سمجھا کریں، مجھے ان کی مخالفت کی قطعی پروا نہیں، اس لیے میں ان کو داخل جمادات سمجھتا ہوں۔"

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+4=5)

الف۔ دلوں کو معرفت کے نور سے تُو نے کیا روشن
دکھایا بے نشاں ہو کر ہمیں اپنا نشاں تُو نے
اثر تیری عطاؤں پر نہیں پڑتا خطاؤں کا
جسے پیدا کیا اس کو دیا ہے آب و ناں تُو نے
مئے لا تقنطوا کے نشہ میں سرشار رہتا ہوں
سیہ مستوں کو بخشی ہے حیاتِ جاوداں تو نے

ب۔ سنہری مغرق چھتیں ساریاں
وہ دیوار اور در کی گلکاریاں
دیے ہر طرف آئینے جو لگا
گیا چوگنا لطف اس میں سما
وہ مخمل کا فرش اس کا ستھرا کہ بس
بڑھے جس کے آگے نہ پائے ہوس

سوال نمبر۵: کوئی سے تین غزلیہ اشعار کی فرداً فرداً تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیے: (3+3+3=9)

الف۔ مرے طالع میں ہے کیا کام اے گردوں ستارے کا
چمک جانا ہے کافی آتشِ غم کے شرارے کا

ب۔ کہہ گئیں رازِ محبت پردہ داری ہائے شوق
تھی فغاں وہ بھی جسے ضبطِ فغاں سمجھا تھا میں

ج۔ تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا
خورشید میں بھی اُس ہی کا ذرہ ظہور تھا

د۔ حضرتِ ناصح گر آئیں، دیدہ و دل فرش راہ
کوئی مجھ کو یہ تو سمجھا دو کہ سمجھائیں گے کیا

ہ۔ ملا نہ سرو کو کچھ اپنی راستی میں پھل
کلاہ کج جو نہ کرتا تو لالہ کیا کرتا

## حصہ سوم (کل نمبر 30)

سوال نمبر۶: ''مشتاق یوسفی ایک فطری مزاح نگار ہیں'' ان کے اسلوب کو مدنظر رکھ کر تائید یا تردید کا نوٹ لکھیں۔ (10)

(یا)

مختار مسعود کے اسلوب نگارش پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر۷: میر حسن کی شاعرانہ خوبیوں پر نوٹ لکھیں۔ (10)

(یا)

دیا نسیم شنکر کی مثنوی نگاری پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر۸: حسرت موہانی کی غزل پر نوٹ لکھیں۔ (10)

(یا)

مولانا ظفر علی خان کے حالاتِ زندگی اور فن پر نوٹ لکھیں۔